Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | ہفتہ 2 دسمبر 2023ء، 17 جمادی الاول 1445ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 208

سموسماتی تبدیلی سے متعلق

ترقی یافتہ ممالک کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہئے

لاس اینڈ ڈیمیج فنڈ کو ترقیاتی فنڈز اور بڑے مالیاتی اداروں کے قرضوں سے الگ ہونا چاہئے اور یہ سرمایہ میرٹ پر اور اضافی ہونا چاہئے

خلیجی و مغربی ممالک پاکستان میں متبادل توانائی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں، نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ

وزیراعلیٰ پنجاب کو دودھ چھڈ ڈیم کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کے موقع پر لیف ٹیلیوا کے نظام پر بریفنگ دے رہے ہیں

دبئی (آئی آئی پی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے لاس اینڈ ڈیمیج فنڈ کو فوری طور پر فعال بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سموسماتی تبدیلی سے متعلق امیر اور ترقی یافتہ ممالک کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہئے، متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور خلیجی و مغربی ممالک سموسماتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنے کیلئے پاکستان میں متبادل توانائی کے منصوبوں میں سرمایہ کاری کر سکتے (بقیہ نمبر 1)

بجلی چوری کے ناسور سے نجات کیلئے آئیسکو کے اقدامات جاری

ماہ نومبر میں 1 لاکھ 51 ہزار 166 میٹرز چیک 3121 بجلی چوروں کو پکڑا گیا

12 کروڑ 90 لاکھ 22 ہزار سے زائد کے جرمانے۔ 70 افراد کو پولیس نے گرفتار کر لیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) حکومت پاکستان اور وزارت توانائی کے احکامات کی روشنی میں بجلی چوری کے ناسور سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے آئیسکو کے تمام آپریشن سرکلوں بشمول اسلام آباد، راولپنڈی سٹی، راولپنڈی کینٹ، اٹک، جہلم اور چکوال میں کارروائیاں (بقیہ نمبر 2)

نگران وزیراعظم کا ایڈز کے عالمی دن کے موقع پر پیغام

ہمارا مقصد ایک ایسے معاشرے کی تشکیل ہے جہاں ہر پچ آئی وی کے بوجھ سے آزاد پیدا ہو، انوار الحق کاکڑ

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے ایڈز کے عالمی دن کے موقع پر بلاک میں ایڈز کے خلاف موثر کوششوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارا مقصد ایک ایسے معاشرے کی تشکیل ہے جہاں ہر بچہ ایچ آئی وی کے بوجھ سے آزاد پیدا ہو، پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارا مقصد ایک ایسے معاشرے کی تشکیل ہے

چین کی گورننس اور پولیسنگ کا نظام رول ماڈل ہے

ہمیں ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے گورننس اور پولیس نظام کو بہتر بنانا ہے، محسن نقوی

لاہور (آئی آئی پی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے کہا ہے کہ چین کی گورننس اور پولیسنگ کا نظام رول ماڈل ہے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی سے چینی صوبہ ہیاگ سو کے پولیس چیف تھان یونگ شک نے ملاقات (بقیہ نمبر 4)

الیکشن کمیشن نے حتمی حلقہ بندیوں کی اشاعت کر دی

قومی اسمبلی کی جنرل نشستوں کے 266 اور صوبائی اسمبلیوں کی جنرل نشستوں کے 593 حلقے ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے حتمی حلقہ بندیوں کی اشاعت کر دی، الیکشن کمیشن کے مطابق ملک بھر سے قومی اسمبلی کی جنرل نشستوں کے 266 اور صوبائی اسمبلیوں کی جنرل نشستوں کے 593 حلقے ہوں گے (بقیہ نمبر 3)

سموگ کی صورتحال بہتر، پابندیاں ختم

نگران وزیراعلیٰ

ادارے مارکیٹیں، ریسٹورنٹس معمول کے مطابق کھلیں گے، 18 دسمبر سے پنجاب کے تعلیمی اداروں میں میں موسم سرما کی تعطیلات ہوں گی، وزیراعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس

ماہرین ماحولیات اور صحت کی سفارشات کی روشنی میں فیصلے، سڑکوں کی صفائی اور پانی کے چھڑکاؤ جاری رکھنے کی ہدایت، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں اور ٹائر جلانے والی فیکٹریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا حکم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی زیر صدارت وزیراعلیٰ آفس میں کابینہ کمیٹی برائے انسداد سموگ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں سموگ کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ ماہرین ماحولیات اور صحت کے سفارشات کی روشنی میں فیصلے کیے گئے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے ان فیصلوں کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ سموگ کو بہتر کرنے کیلئے بدستور جاری رکھا جائے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے دھواں اور بھٹہ مالکان کے خلاف کریک ڈاؤن کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پنجاب کے تعلیمی اداروں میں میں موسم سرما کی تعطیلات ہوں گی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے اہم فیصلے کیے گئے۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ ماہرین ماحولیات اور صحت نے سموگ میں کمی اور سموگ کے مضر اثرات سے بچانے کے لئے تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں ماہرین ماحولیات اور صحت کی سفارشات کی روشنی میں معمول کے مطابق کھلیں گے، دیں گے جنکہ 18 دسمبر سے پنجاب کے تعلیمی اداروں میں میں موسم سرما کی تعطیلات ہوں گی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے زمان پارک میں ٹریفک کنٹرول کے ویڈیو لنک اجلاس کے دوران جاری کی گئیں۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ کھاد (بقیہ نمبر 9)

راولپنڈی، وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی 13 برس سے شفل کا شکار دودھ چھڈ ڈیم کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

وزیراعظم آج سموسماتی تبدیلی کیلئے پاکستان کا وژن پیش کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) مختر خانجہ کی ترجمان ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعظم انوار الحق کاکڑ ورلڈ اکنامک ایکشن سمٹ میں شرکت کے لیے متحدہ عرب امارات میں ہیں، وزیراعظم ورلڈ اکنامک (بقیہ نمبر 6)

کنٹنر راولپنڈی سے کامیاب مذاکرات، چکن بحران ٹل گیا

کامیاب مذاکرات کے بعد پولٹری ایسوسی ایشن نے ہڑتال ختم کر دی

راولپنڈی (این این آئی) کنٹنر راولپنڈی سے کامیاب مذاکرات کے بعد پولٹری ایسوسی ایشن نے ہڑتال ختم کر دی، جڑواں شہروں راولپنڈی اور اسلام آباد میں چکن بحران کا خدشہ ٹل گیا کنٹنر راولپنڈی سے چکن کی قیمتوں سے متعلق 22 جولائی کو نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، کنٹنر راولپنڈی نے پولٹری ایسوسی ایشن کے تحفظات دور کرنے (بقیہ نمبر 5)

کھاد کی مقررہ نرخوں پر فراہمی، یوریا کی فروخت کی مانیٹرنگ کا فیصلہ

کھاد بنانے والی کمپنیوں کو از خود قیمتیں بڑھانے کا اختیار نہیں، محکمہ زراعت صوبہ میں کھادوں کی قیمتیں نوٹیفائی کرے

نومبر میں کریک ڈاؤن کے دوران 87 ڈیلر گرفتار، 219 مقدمات درج، 50 ہزار کھاد کی بوریاں ضبط کی گئیں، اجلاس کو بریفنگ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے کاشتکاروں کو کھادی مقررہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنانے کیلئے ڈیلروں کی دکانوں پر یوریا کی فروخت کی مکمل مانیٹرنگ کا فیصلہ کیا ہے، دراس سلسلے میں تمام زرعی کنسٹرز کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ہدایات چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز کے ویڈیو لنک اجلاس کے دوران جاری کی گئیں۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ کھاد (بقیہ نمبر 9)

گورنر سندھ کامران خان تسوری تھانی لینڈ کے چیف ایمبیڈ ر کو قائداعظم کے زیر استعمال اشیاء دکھا رہے ہیں

برطانوی پارلیمنٹیرینز کو بھارت کی انسانی حقوق کی خلاف ورزی پر بریفنگ

کشمیریوں کو بھارت کے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر کی آبادی کے تناسب کو تبدیل کرنے کی کوششوں پر گہری تشویش ہے

برطانوی پارلیمنٹیرینز بھارت کے غیر قانونی عمل اور طالبانہ کالے قوانین کے روکے جانے کیلئے مؤثر اقدامات کریں، مشعال حسین ملک

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال حسین ملک نے برطانوی پارلیمنٹیرینز کے زریعے جموں و کشمیر کے بارے میں لندن چیئرمین اے پی پی، ڈپٹی ایمرا احمز (ممبر برطانوی پارلیمنٹ) کی طرف سے بلائے گئے کراس پارٹی برٹش پارلیمنٹیرینز کے اجلاس میں شرکت کی۔ برطانوی پارلیمنٹیرینز کے علاوہ سول سوسائٹی اور انسانی حقوق کی تنظیموں (بقیہ نمبر 7)

پنجاب کے تعلیمی اداروں میں موسم سرما کی تعطیلات کا اعلان

تعلیمی اداروں میں 18 دسمبر سے یکم جنوری تک چھٹیاں ہوں گی، ترجمان

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے تعلیمی اداروں میں موسم سرما کی تعطیلات کا اعلان کر دیا۔ تعلیمی اداروں میں 18 دسمبر سے یکم جنوری تک موسم سرما (بقیہ نمبر 2)

سیکرٹری ایجوکیشن ڈسٹرکٹ صائمہ سعید آئرم بیکنٹیرم ورمز آرڈر کا شکار بچوں کی تعلیم کے لئے اساتذہ کی کوئٹہ بلوچستان کے حوالے سے ٹریننگ کے اختتام پر شرکاء میں سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہی ہیں

بھانجے نے زمین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے ماموں کو موت کے گھاٹ اتار دیا

قائداعظم (این این آئی) بھانجے نے زمین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے ماموں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ تفصیلات کے مطابق نواحی موضع شہر کلیر پر اپنی احمد بن خلیل اور عبدالغفار علی خیل کے درمیان کے گھر پر کچھ تعمیر کرنے پر تنازعہ ہوا جس کی وجہ سے چند روز قبل دونوں کے مابین تلخی بڑھ گئی جبکہ عبدالغفار اور اسکی بیوی میر خاتون گھر پر (بقیہ نمبر 9)

عالمی برادری تنازعہ کشمیر کے حل کیلئے کردار ادا کرے، مشعال ملک

کشمیری بچے اور خواتین بھی بھارتی فورسز کے مظالم کا بڑے پیمانے پر شکار ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق مشعال حسین ملک نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ کشمیریوں کو اقوام متحدہ (بقیہ نمبر 8)

ایشن شیڈول کا اعلان 8 فروری سے 54 دن فعل ہوگا

حلقہ بندیاں شائع ہو چکیں، باقی سب کچھ اپنے وقت پر ہوگا، سکندر سلطان راجہ

اسلام آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا ہے کہ الیکشن شیڈول کا اعلان 8 فروری سے 54 دن فعل ہوگا۔ حلقہ بندیاں شائع ہو چکیں سماعتوں سے غیر ذمہ کنفرم کرتے ہوئے چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ حلقہ بندیاں شائع ہو چکیں باقی سب کچھ اپنے وقت (بقیہ نمبر 10)

پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس طغرل کی خلیج عدن میں تعیناتی

پاک بحریہ سمندر میں امن و امان کے قیام کے لیے کمبائنڈ میری ٹائم فورسز کے تحت کام کرتی ہے

پی این ایس طغرل کی تعیناتی کا مقصد پاکستانی تجارتی بحری جہازوں کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے، ترجمان پاک بحریہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) خلیج عدن میں پاکستانی تجارتی جہازوں کی سکیورٹی کے لیے پی این ایس طغرل کو تعینات کیا گیا ہے۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق پی این ایس طغرل کی تعیناتی کا مقصد پاکستانی تجارتی بحری جہازوں کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے۔ پاک بحریہ کے ترجمان کے مطابق خلیج عدن میں پاکستانی تجارتی جہاز رجسٹل میری ٹائم سکیورٹی پیٹرول پر فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ پاک بحریہ سمندر میں امن و امان کے قیام کے لیے کمبائنڈ میری ٹائم فورسز کے تحت کام کرتی ہے۔ ترجمان کے مطابق پاک بحریہ علیحدہ طور پر بھی امن و امان (بقیہ نمبر 4)

پی این ایس طغرل خلیج عدن میں تجارتی جہازوں کی سکیورٹی کے لیے تعینات

شکار پور قومی شاہراہ پر کار حادثے میں 5 افراد جاں بحق

شکار پور (این این آئی) شکار پور کے قومی شاہراہ جنوں بائی پاس کے مقام پر کار الٹ کر کھائی میں جا گری بس کے نیچے دبنے کی وجہ سے کار میں سوار تمام 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ شکار پور پولیس کے مطابق حادثہ تیز رفتاری اور شدید دھند کے سبب پیش آیا ہے، پولیس نے لاشوں کو سول ہسپتال منتقل کر دیا۔ حادثہ (بقیہ نمبر 2)

خدیجہ شاہ کیخلاف منی لانڈرنگ ایکٹ کے تحت کارروائی کا آغاز

مشکوک ٹرانزیکشن پر متعلقہ بینکوں سے تفصیلات مانگ لی گئیں، ڈرائج ایف آئی

لاہور (این این آئی) وفاقی تحقیقات ایجنسی (ایف آئی اے) نے پی آئی کارکن خدیجہ شاہ کے خلاف منی لانڈرنگ ایکٹ کے تحت کارروائی کا آغاز کر دیا۔ ایف آئی اے ذرائع کا کہنا ہے کہ خدیجہ شاہ کے بینک اکاؤنٹس میں کروڑوں روپے کی مشکوک (بقیہ نمبر 21)

نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی مدیوسرکے کا نوکیشن کی تقریب کا انعقاد

کانوکیشن کی تقریب نیوٹیک کے فارغ التحصیل طلباء کے تعلیمی سفر میں ایک اہم سنگ میل ہے، کیونکہ طالب علموں نے اپنی ڈگریاں حاصل کیں

سول انجینئرنگ، مکینیکل انجینئرنگ، کمپیوٹر سائنس، کمپیوٹر انجینئرنگ اور الیکٹریکل انجینئرنگ کے مختلف شعبوں کے کل 135 طلباء نے ڈگریاں حاصل کیں اس تقریب میں چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) ڈاکٹر مختار احمد (ستارہ امتیاز) نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (نیوٹیک) نے اپنے دوسری کانوکیشن کی تقریب یونیورسٹی کیمپس اسلام آباد میں منعقد کی۔ اس تقریب میں چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) ڈاکٹر مختار احمد (ستارہ امتیاز) نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ اس موقع پر (بقیہ نمبر 11)

نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی (نیوٹیک) نے اپنے دوسری کانوکیشن کی تقریب کی تصاویر

سموسماتی تبدیلیوں کے باعث پاکستان میں ہونیوالی تباہی کا تذکرہ

پاکستان نے موسماتی تبدیلیوں کے خطرناک نتائج بھگتے، سیلاب کے باعث پاکستان کو شدید نقصانات اٹھانا پڑے، شاہ چارلس

30 ارب ڈالر کے کلائمیٹ فنڈ کے قیام کا اعلان..... فنڈ کا مقصد 2030 تک 25 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنا ہے، شیخ محمد بن زاید

دبئی (این این آئی) برطانیہ کے شاہ چارلس سوئم نے کوپ 28 اجلاس میں موسماتی تبدیلیوں کے باعث پاکستان میں بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی کا تذکرہ کرتے ہوئے دنیا کے سامنے مستقبل کا لائحہ عمل پیش کر دیا۔ متحدہ عرب امارات میں موسماتی تبدیلیوں کے نقصانات کے ازالے کے لیے ہونے والی کوپ 28 کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے برطانیہ کے شاہ چارلس سوئم نے کہا کہ موسماتی (بقیہ نمبر 3)

پی این ایس سی کے ایک اور جہاز 'سبی' کو کیمرون میں حادثہ

جہاز سبی کے بوائلر میں معمولی خرابی دور کر دی گئی ہے اور جہاز جلد تجارتی سفر شروع کر دے گا

سبی (این این آئی) پی این ایس سی کے ایک اور جہاز 'سبی' کو کیمرون میں حادثہ پیش آیا۔ فنی ٹیم نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ پی این ایس سی کی ایک

معمولی رنجش پر محبت کش کے اکلوتے بیٹے کو گھر کی دہلیز پر قتل کر دیا

سنو کر کلاب میں مقتول چاند علی کی سلطان احمد اور عبدالرحمٰن سے تلخ کلامی ہوئی

نیکٹا صاحب (این این آئی) عوامی چک نمبر 112 علی آباد میں معمولی رنجش کی بنا پر 2 نوجوانوں سلطان محمود اور عبدالرحمٰن نے محبت کش اللہ رکھا کے اکلوتے بیٹے چاند علی کو گھر کی دہلیز پر فائرنگ کر کے ابدی نیند سلا دیا۔ ملزمان باپ کے سامنے چاند علی دم توڑ گیا، بتایا گیا ہے کہ رات کے وقت سنو کر کلب میں مقتول چاند اور طرفان سلطان احمد اور عبدالرحمٰن کے مابین معمولی تلخ کلامی ہوئی تھی، جس کے بعد چاند علی اپنے گھر آگیا، تلخ کلامی کے (بقیہ نمبر 6)

ہم جنس پرستوں کا فیسٹیول لاہور بائیکوٹ میں چیلنج

لاہور (این این آئی) ہم جنس پرستوں کے فیسٹیول کو لاہور بائیکوٹ میں چیلنج کر دیا گیا ۔ درخواست شیری مانصف نے ایڈووکیٹ نوید سروری سماعت کے دائری جس میں ڈپٹی کمشنر لاہور اور آئی جی پولیس (بقیہ نمبر 4)

امیر محمد خان نے تصادم کی سیاست سے انحراف کرتے ہوئے سرینڈر کر دیا

امیر محمد خان نے پاکستان تحریک انصاف سے علیحدگی کا اعلان کر دیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے سابق رکن پنجاب اسمبلی امیر محمد خان نے تصادم کی سیاست سے انحراف کرتے ہوئے سرینڈر کر دیا اور 9 مئی کے واقعات کی پرزور مذمت کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف سے علیحدگی کا اعلان کر دیا (بقیہ نمبر 25)

سرگودھا، مقدمہ قتل کا فیصلہ، ایک ملزم کو سزائے موت

موت کی سزا پانے والے مجرموں کو سزا بھگتنے کیلئے واپس جیل منتقل کر دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا کے سیشن کورٹ عدالت نے مقدمہ قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے ایک ملزم کو سزائے موت، دوسرے کو 25 سال قید بامشقت مجموعی طور پر دل لاکھ روپے معاوضہ اور عدم کرنڈی تعیر علوم کو اشتہاری قرار دے دیا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 26)

پنجاب کے سرکاری سکولوں میں ہیڈ ماسٹر خالی اسامیوں کی بھرتیوں پر غور

لاہور (این این آئی) صوبہ پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں میں ہیڈ ماسٹر خالی اسامیوں کی بھرتیوں پر غور کیا جا رہا ہے۔ محکمہ تعلیم کے مطابق صوبہ پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں میں 2 ہزار 226 بھرتیاں کی جانے پر غور کیا جا رہا ہے۔ بھرتیوں میں ہیڈ ماسٹرز (بقیہ نمبر 7)

نمایاں کمی، لاہور دنیا میں فضائی آلودگی کے اعتبار سے 7 ویں نمبر آ گیا

لاہور (این این آئی) شہر لاہور سے سموگ کے دھند کے بادل چھٹ کے اور فضائی آلودگی میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی جس کے باعث لاہور دنیا میں فضائی آلودگی کے اعتبار سے 7 ویں نمبر پر آ گیا۔ فضائی آلودگی میں نمایاں کمی کے بعد ایئر کوالٹی انڈکس کی مجموعی شرح 165 ریکارڈ کی گئی، فیز 8 کی اے کیو آئی 175، کینٹ پولو گراؤنڈ 183، (بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ تمام تحصیلوں میں ریونیو عوامی خدمت کچہری کا انعقاد

ڈپٹی کمشنر کی زیر نگرانی

ڈپٹی کمشنر نے ضلعی ہیڈ کوارٹر پر منعقدہ کھلی کچہری میں شرکت کی اور محکمہ مال سے متعلقہ شہریوں کے مسائل سنے ضلعی اور تحصیل سطح پر ریونیو عوامی خدمت سرمہ کے تحت لوگوں کے مسائل موقع پر حل کئے جا رہے ہیں، کیپٹن (ر) شعیب علی

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ کیپٹن (ر) شعیب علی ریونیو عوامی خدمت کچہری میں سائلی کے مسائل سن رہے ہیں

گوجرانوالہ (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) شعیب علی کی زیر نگرانی ڈسٹرکٹ پیلا ورنگ ڈسٹرکٹ کے تمام تحصیلوں میں ریونیو عوامی خدمت کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ضلعی ہیڈ کوارٹر پر منعقدہ کھلی کچہری میں شرکت کی اور محکمہ مال سے متعلقہ شہریوں کے مسائل سنے۔ انہوں نے دوسرے شہریوں کے مسائل کے لیے متعلقہ ریونیو افسران کو ضروری احکامات جاری کیے۔ ریونیو عوامی کچہری میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو حسن صلاح الدین اور اسسٹنٹ کمشنر آمنہ احسان تارڑ سمیت محکمہ مال کے تمام افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی (بقیہ نمبر 12)

جدید ٹیکنالوجی سے پولیس کا نظام بہتر ہو گیا ہے، ڈاکٹر غلام یاسین

قاضی مرگیوں کو ورکے کیلئے عوام میں شہروار اخلاقی تعلیمات دی جائیں، وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا یونیورسٹی میں "ماڈرن پولیسنگ اینڈ کرائم سین مینجمنٹ" ورکشاپ میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر میاں غلام یاسین نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت جدید ٹیکنالوجی اور چیلنجوں کی وجہ سے پولیس کا نظام بہتر ہو گیا ہے۔ سٹی سرگرمیاں ہر ماہ ہوتی ہیں، وائس چانسلر نے کہا کہ پاکستان میں قاضی مرگیوں کو ورکے کیلئے عوام میں شہروار اخلاقی تعلیمات دی جائیں (بقیہ نمبر 7)

غیر قانونی افغان شہریوں کی بے دخلی، وفاق سمیت دیگر کو نوٹس

غیر قانونی افغان شہریوں کو بے دخلی کا معاملہ آئینی تشریح کا بھی ہے، عدالت عظمیٰ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے غیر قانونی افغان شہریوں کی بے دخلی کیس میں وفاق، وزارت خارجہ اور اداری جنرل کو نوٹس جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر قانونی افغان شہریوں کو بے دخلی کا معاملہ آئینی تشریح کا بھی ہے، اٹارنی جنرل معاملے پر لارجر بنچ تشکیل دینے کے لئے معاونت کریں۔ سپریم (بقیہ نمبر 8)

پاک فوج کے سپہ سالار کی تنصیبات اور عملی کاوشوں کو سراہتے ہیں، چیئرمین لینڈ پاکستان

سید صاحبزادہ میاں کاروبار کے مستحق ہیں ان کا کہنا تھا کہ پاک فوج کے سپہ سالار

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین لینڈ پاکستان معروف کاروباری شخصیت نصیب اللہ نصیب نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات کے ساتھ سرمایہ کاری کی مد میں کیے جانے والے نئے معاہدے پاکستان کے معیشت کو مضبوط مزید مضبوط کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ حالیہ معاہدوں کی روشنی میں پاکستان کے اندر 20 سے 25 ارب ڈالر کی بڑی سرمایہ کاری آئے گی جو کہ پاکستان میں بڑی معیشت کو مضبوط کرنے کے لیے مرحوم ہیں اور وزیراعظم انوار الحق کاکڑ اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کی تجویز کردہ تجاویز کو عملی جامہ پہنانے کے لیے اقدامات اٹھا (بقیہ نمبر 8)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی — Daily Awami Lalkaar — عوام کی بے ساختہ للکار
ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

رحیم یار خان: ڈاکوؤں کی فائرنگ، 5 افراد جاں بحق

رحیم یار خان کے علاقہ ماچھکہ میں گنے کی فصل میں چھپے ڈاکوؤں کی کسانوں پر فائرنگ سے 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ فائرنگ کی زد میں آکر گولی لگنے سے ایک لڑکی بھی جاں بحق ہوئی ہے جو اس وقت چھت پر کھڑی تھی اور بد قسمتی سے گولی اسے بھی جا لگی۔ پولیس کے مطابق، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور ملزموں کی تلاش کے لیے علاقے کو گھیرے میں لے لیا، اس دوران پولیس سے دوطرفہ فائرنگ کے نتیجے میں 4 ڈاکو ہلاک ہوگئے جبکہ 2 اہلکار بھی شہید ہوئے۔ ڈی پی او رضوان عمر گوندل نے کہا کہ آئی جی پنجاب کے حکم پر کچہ میں امن وامان کی صورتحال کو خراب کرنے والوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ ڈاکوؤں کے شہریوں پر کھلے عام حملے حکومتی کی انتظامی اتھارٹی کی کمزوری کے عکاس ہیں۔ کچے کے ڈاکوؤں کے بعد اب رحیم یار خاں کا ڈاکوؤں کی آماجگاہ بننا حکومتی رٹ کو چیلنج ہے۔ ہر طرح کے جرائم پیشہ عناصر کو نکیل ڈال کر ہی شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کا آئینی تقاضا پورا کیا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں پولیس کو ہر قسم کی مطلوبہ اشیا اور سہولیات مہیا کی جانی چاہیے اور پھر ان افسران کا کڑا احتساب ہونا چاہیے جو ہر طرح کی سہولت ملنے کے باوجود جرائم پیشہ عناصر پر قابو پانے میں کامیاب نہیں ہو پا رہے۔ احتساب کے نظام کے قائم کیے بغیر ریاست کا نظام مستحکم بنیادوں پر نہیں کھڑا کیا جا سکتا، لہٰذا حکومت کو اس بات پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔

ایمان والے اللہ کے دوست

مولانا محمد اکرم اعوان

[illegible]

پاکستان میں دہشت گردوں کے زیر استعمال امریکی اسلحہ!

تحریر۔۔۔۔خالد بیگ

[illegible]

شوبز SHOWBIZ

شوبز میں قدم رکھنے پر رشتہ داروں نے شادی نہ ہونے کے طعنے دیئے

مجھے غیر شادی شدہ نوجوان شوہر بھی ملا اور اللہ نے ہمیں اولاد سے بھی نوازا، سعدیہ امام



لاہور (این این آئی) مقبول پاکستانی اداکارہ و میزبان سعدیہ امام نے کہا ہے کہ جب میں نے شوبز انڈسٹری میں قدم رکھا تو رشتہ داروں نے شادی نہ ہونے کے طعنے دیئے۔ حال ہی میں اداکارہ سعدیہ امام نے نجی ٹی وی شو میں شرکت کی جس میں انہوں اپنے کیریئر اور شادی سمیت مختلف موضوعات پر کھل کر بات کی۔ شادی سے متعلق بات کرتے ہوئے سعدیہ امام کا کہنا تھا کہ شوبز انڈسٹری میں آنے کے بعد میرے اپنے ہی رشتہ داروں کی جانب سے سب سے پہلا طعنہ یہ سننے کو ملا کہ میری شادی کبھی نہیں ہوگی، اگر ہوگی بھی تو دو بچوں کے باپ سے ہوگی۔

''ڈرٹی پکچر'' کو میرا کیریئر تباہ کرنے والی فلم ٹھہرایا گیا تھا، ودیا بالن

یہ فلم ساؤتھ انڈین آنجہانی اداکارہ سلک اسمتھا سے متاثر تھی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ ودیا بالن نے اپنی فلم 'دی ڈرٹی پکچر' کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت بہت سے لوگوں نے انھیں اس فلم میں کام کرنے سے روکا اور کہا کہ 'یہ میرے کیریئر کو تباہ کردے گا۔ بالی ووڈ اداکارہ ودیا بالن نے حال ہی میں 2011 کی فلم 'دی ڈرٹی پکچر' میں سلک اسمتھا کا کردار نبھانے کے دوران درپیش چیلنجز کے بارے میں بتایا۔ گوا میں 54 ویں انٹرنیشنل فلم فیسٹیول آف انڈیا سے خطاب کرتے ہوئے ودیا بالن نے انکشاف کیا کہ انہیں ان لوگوں کی جانب سے مایوسی کا سامنا کرنا پڑا جن کا خیال تھا کہ یہ کردار ادا کرنے کے فیصلے سے ان کے کیریئر پر منفی اثر پڑے گا۔ تقریب بات کرتے ہوئے ودیا بالن نے کہا کہ 'میں 'سلک اسمتھا' کا کردار ادا کرنے کے لئے بہت پر جوش تھی۔

جیجی حدید نے دھمکیوں کے بعد اسرائیل مخالف پوسٹ پر معذرت کر لی

اسرائیل دنیا کا واحد ملک قرار دیا تھا جو بچوں کو جنگی قیدی بناتا ہے

لندن (پیپانیوز) فلسطینی نژاد معروف امریکی ماڈل جیجی حدید نے شدید دباو اور دھمکیوں کے بعد اسرائیل کے خلاف کی گئی پوسٹ پر معذرت کر لی۔ جیجی حدید نے حال ہی میں اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں اسرائیل کو دنیا کا واحد ملک قرار دیا تھا جو بچوں کو جنگی قیدی بناتا ہے۔ انہوں نے اسرائیل پر سال ہا سال سے فلسطینیوں کے اغوا، زیادتی، قتل، تشدد کا الزام بھی عائد کیا تھا۔ جیجی حدید کی اس پوسٹ پر اسرائیل کے حامی بھڑک اٹھے تھے اور انہوں نے امریکی ماڈل کو دھمکیاں دینا شروع کردی تھیں۔ صیہونی گروپوں نے جیجی حدید کو جھوٹا اور یہود دشمن قرار دیا۔

سب سے زیادہ سنے جانے والے سنگرز کی فہرست جاری

کراچی (پیپانیوز) دنیا بھر میں نغموں کو سننے کے لیے سب سے زیادہ استعمال ہونے والی میوزک اسٹریمنگ سروس Spotify نے پاکستان میں سال 2023 کے دوران مداحوں کے دلوں پر راج کرنے والے ممتاز گلوکاروں کی عالمی فہرست جاری کردی جس میں پاکستانی گلوکار بھی شامل ہیں۔ عالمی خبررساں ادارے کے مطابق اسپاٹی فائی (Spotify) کے Wrapped 2023 کے تحت پاکستان میں سب سے زیادہ سنے جانے والے گلوکاروں کی فہرست جاری کردی۔ رواں برس کے اختتام پر پاکستانی گلوکار عاطف اسلم اور طلحہ انجم نے ایک بار پھر موسیقی کی دنیا میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوانے میں کامیاب رہے ہیں۔

ہریتھک روشن کی فلم 'وار 2' کی ریلیز کی تاریخ سامنے آگئی

بلاک بسٹر فلم وار 2 سال 2025 میں 14 اگست کو ریلیز ہوگی

ممبئی (پیپانیوز) بالی وڈ سپر اسٹار ہریتھک روشن کی بلاک بسٹر فلم وار 2 کے چرچے ہر طرف ہیں اور اب اس فلم کی ریلیز کی تاریخ سامنے آگئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہریتھک روشن کی بلاک بسٹر فلم وار 2 سال 2025 میں 14 اگست کو ریلیز ہوگی جبکہ فلم کی شوٹنگ کا آغاز فروری 2024 سے ہوگا۔ ڈائریکٹر ایان 2023 سے ہی فلم کی شوٹنگ کا آغاز کرنا چاہتے ہیں لیکن ہریتھک روشن فائٹر کی شوٹنگ کیلئے اٹلی میں مصروف ہیں۔ میگا ایکشن اور تھرلر فلم کیلئے کیارا ایڈوانی کو خاتون کے مرکزی کردار کیلئے فائنل کرلیا گیا ہے۔

ہانیہ عامر کی نئی تصاویر نے سوشل میڈیا پر بحث چھیڑ دی

شوبز کی دنیا میں کامیابی کے بعد بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز جڑی ہوئی ہیں

لندن (پیپانیوز) معروف ماڈل اور ابھرتی ہوئی اداکارہ ہانیہ عامر اس وقت لندن میں ہیں جہاں سے انھوں نے اپنے سوشل میڈیا اکاونٹ پر اپنی نئی تصاویر اور ویڈیوز اپ لوڈ کیں جو دیکھتے ہی دیکھتے وائرل ہوگئیں۔ ہانیہ عامر نے پہلی بار مقبولیت ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم Dubsmash سے شہرت حاصل کی تھی اور شوبز کی دنیا میں کامیابی کے بعد بھی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز جڑی ہوئی ہیں۔ وہ اپنی مصروفیات، شوٹنگز اور سیاحتی دوروں کو سوشل میڈیا پر شیئر کرتی رہتی ہیں اور کبھی کبھار اس پر کسی نئی بحث کا بھی آغاز ہوجاتا ہے ایسا ہی کچھ ان کی نئی تصاویر کے ساتھ ہوا۔ لندن سے ہانیہ عامر نے اپنی جو تصاویر شیئر کیں ان میں مداحوں نے ایک تبدیلی کو محسوس کیا۔

ماہرہ خان کے نئے فوٹو شوٹ نے فیشن کی دنیا میں تہلکہ مچا دیا

نئے فوٹو شوٹ کی ویڈیو اور تصاویر فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر شیئر کیں



لاہور (این این آئی) پاکستانی سپر سٹار ماہرہ خان کے نئے فوٹو شوٹ نے فیشن کی دنیا میں تہلکہ مچا دیا۔ بے شمار پاکستانی فلموں اور ڈراموں میں اداکاری کے جوہر دکھانے والی اداکارہ ماہرہ خان نے حال میں کروائے گئے نئے فوٹو شوٹ کی ویڈیو اور تصاویر فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر شیئر کیں جنہوں نے مداحوں کی توجہ اپنی جانب مبذول کروالی۔ مذکورہ ویڈیو میں اداکارہ نے سیاہ پرنٹڈ ساڑھی زیب تن کر رکھی ہے اور ویڈیو میں ماہرہ بھرپور ناز و انداز کے ساتھ چلتی ہوئی دیکھی جا سکتی ہیں تو کہیں وہ ساڑھی کے پلو کو کچھ ایسے انداز میں لہراتی نظر آرہی ہیں

سپورٹس SPORTS

پاکستان کراٹے ٹیم چمپئن شپ میں شرکت کیلئے نیپال پہنچ گئی

چمپئن شپ گزشتہ روز شروع ہوگئی ہے جو تین دسمبر تک جاری رہے گی

پشاور (این این آئی) پاکستان قومی کراٹے ٹیم ساتویں جنوبی ایشیائی کیڈٹ، جونیئر، انڈر 21 اور سینئر چمپئن شپ میں شرکت کے لئے نیپال پہنچ گئی۔ چمپئن شپ گزشتہ روز شروع ہوگئی ہے جو تین دسمبر تک جاری رہے گی۔ خیبر پختونخوا کے شاہ فیصل ٹیم منیجر، محمد انور اور قرۃ العین ریفری جبکہ نسیم قریشی اور امتیاز علی آفیشیٹنگ ریفری کے فرائض انجام دے رہے ہیں، صدر کراٹے فیڈریشن محمد جہانگیر بھی ٹیم کے ہمراہ ہیں۔ ٹیم میں جوئل آصف، شعیب احمد خان، محمد عبدالہادی، انائیل علی خان، شہباز احمد، محمد شہباز، کے پی کی نازیہ علی انابیتا فاطمہ، فاطمہ، عائزہ فیصل، آرزو، لائبہ ضیاء، فرحہ، ماہ گل، شعیب اختر، محمد فرحان رشید، شمس الدین، دانش گلفام، اورنگزیب، عامر سلطان، شمس افتخار، عثمان شفیق شامل ہیں۔

فیفا انڈر 17 فٹ بال ورلڈ کپ: جرمنی اور فرانس کے درمیان فائنل میچ (آج) کھیلا جائے گا

جکارتہ (این این آئی) فٹ بال کی عالمی تنظیم فیفا کے زیر اہتمام انڈونیشیا میں جاری فیفا انڈر 17 فٹ بال ورلڈ کپ میں (آج) ہفتہ کو جرمنی اور فرانس کے درمیان فائنل میچ کھیلا جائے گا۔ شیڈول کے مطابق دونوں ٹیموں کے درمیان فائنل میچ (آج) ہفتہ کو مناہان سٹیڈیم، سوراکارتہ میں کھیلا جائے گا۔ اس سے قبل جرمنی کی انڈر 17 ٹیم نے پہلے سیمی فائنل میچ میں ارجنٹائن کی انڈر 17 ٹیم کو پنالٹی شوٹ آوٹ پر 2-4 گول سے شکست دے کر فائنل تک رسائی حاصل کی تھی جبکہ دوسرے سیمی فائنل میچ میں فرانس کی ٹیم نے مالی کو 1-2 گول سے شکست دے کر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا تھا۔ میگا ایونٹ میں تیسری پوزیشن کے لئے میچ یکم دسمبر کو ارجنٹائن اور مالی کی ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ یہ پہلا موقع ہے جب انڈونیشیا نے فیفا انڈر 17 ورلڈ کپ کی میزبانی کی۔

پاکستان ہاکی فیڈریشن میں کروڑوں روپے کی کرپشن کا انکشاف

پی ایچ ایف میں مبینہ کرپشن کے معاملے پر 11 انکوائریوں کا آغاز کردیا

لاہور (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن (پی ایچ ایف) میں کروڑوں روپے کی کرپشن کا انکشاف ہوا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ہاکیوں کی خریداری، خلاف ضابطہ جی ایس ٹی کی ادائیگیوں میں 11 ملین کی خورد برد سامنے آئی، غیر قانونی ادائیگیوں کی مد میں 19 ملین کی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ غیر ملکی کرنسی کی خریداری میں 43 ملین روپے کی کرپشن سامنے آئی۔ وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے پی ایچ ایف میں مبینہ کرپشن کے معاملے پر 11 انکوائریوں کا آغاز کردیا، ایف آئی اے نے پی ایچ ایف کے صدر سے ریکارڈ طلب کرلیا۔

5 سال سے بجلی سے محروم اسٹیڈیم میں آسٹریلیا کیخلاف میچ رکھ دیا

نئی دہلی (این این آئی) دنیا کا امیر ترین بورڈ بھارت کا بی سی سی آئی جگ ہنسائی کا سبب بن گیا، بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان یکم دسمبر کو چوتھے ٹی ٹوئنٹی میچ کی میزبانی کرنے والے رائے پور کے شہید ویر نارائن سنگھ اسٹیڈیم میں بجلی ہی میسر نہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق رائے پور اسٹیڈیم کا بجلی کا بل ہی ادا نہیں ہوا، اسٹیڈیم کا 3.16 کروڑ روپے کا بل ادا نہ ہونے کے باعث اسٹیڈیم کے بجلی کا کنکشن 5 سال قبل کاٹ دیا گیا تھا۔

احمد شہزاد سمیت سب کیلئے دروازے کھلے ہیں، شان مسعود

بابر اعظم کے ساتھ ہمیشہ اچھا تعلق رہا ہے اور ہم بہت عرصے سے ایک ساتھ کھیل رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ٹیسٹ فارمیٹ میں کپتان شان مسعود نے کہا ہے کہ احمد شہزاد سمیت سب کیلئے دروازے کھلے ہیں، بابر اعظم کے ساتھ ہمیشہ اچھا تعلق رہا ہے اور ہم بہت عرصے سے ایک ساتھ کھیل رہے ہیں، میری اور بابر کی انڈراسٹینڈنگ بہت اچھی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شان مسعود نے کہا کہ بابر اعظم کے ساتھ ہمیشہ اچھا تعلق رہا ہے اور ہم بہت عرصے سے ایک ساتھ کھیل رہے ہیں، میری اور بابر کی انڈراسٹینڈنگ بہت اچھی ہے۔ شان مسعود نے کہا کہ بابر اعظم ہمارے بیٹنگ کے لیڈر ہیں، ہماری کوشش ہے کہ ٹیم میں ہر شعبے کا ایک لیڈر ہو۔ انہوں نے کہا کہ سرفراز احمد کامیاب کپتان رہ چکے ہیں اور ان کے ساتھ بہت کرکٹ کھیلی ہے۔

ذکا اشرف آسٹریلیا کی دعوت پر کینگروز کے دیس جائیں گے

پاک آسٹریلیا کرکٹ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر بات چیت ہوگی



لاہور (پیپانیوز) پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی کے سربراہ ذکا اشرف کرکٹ آسٹریلیا کی دعوت پر کینگروز کے دیس جائیں گے۔ بھارت میں ورلڈ کپ کے دوران ہونے والی آئی سی سی میٹنگ کے دوران ذکا اشرف کی آسٹریلوی بورڈ حکام سے ملاقاتوں میں باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت ہوئی تھی، دونوں بورڈز باہمی ہوم اینڈ اوے سیریز اور جونیئر ٹیموں کے ٹورز کیلیے رابطے میں ہیں۔ آئندہ ماہ پاکستان ٹیم کے دورہ آسٹریلیا میں ذکا اشرف باکسنگ ڈے ٹیسٹ دیکھنے کے لیے موجود ہوں گے، انھیں میزبان بورڈ نے مدعو کیا ہے، اس دوران پاک آسٹریلیا کرکٹ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر بات چیت ہوگی۔

ٹرافی پر پاؤں رکھنے کا معاملہ، ٹرافی پر پاؤں رکھ کر توہین نہیں کی

مارش کا جشن پر تنقید کرنیوالے بھارتیوں کو جواب دیدیا

سڈنی (این این آئی) آئی سی سی ورلڈ کپ 2023 کے فائنل میں بھارت کو شکست دینے کے بعد ٹرافی پر پاؤں رکھنے کے معاملے پر آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کے اسٹار آل راؤنڈر مچل مارش نے کہا ہے کہ ٹرافی پر پاؤں رکھ کر توہین نہیں کی۔ پاکستان کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے آغاز سے قبل آسٹریلوی میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے مچل مارش نے کہا کہ ٹرافی پر پاؤں رکھ کر کوئی توہین نہیں کی، میں اس بارے میں زیادہ نہیں سوچا البتہ میگا ایونٹ کے فوراً بعد بھارت کے خلاف سیریز کی وجہ سے جیت جشن ماند پڑ گیا۔ آسٹریلوی کرکٹر نے سوال کیا گیا کہ کیا وہ دوبارہ یہ عمل دہرائیں گے، جس پر مارش نے جواب دیا سچ پوچھیں تو، ہاں۔ مچل مارش نے ورلڈ کپ کے بعد سیریز پر تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ میگا ایونٹ جیتنے کے بعد شاید ہم جشن منانے اور اپنے اہل خانہ کے ساتھ وقت گزارنے کے مستحق تھے، امید کریں گے کہ بڑے ٹورنامنٹ کے بعد دوبارہ زیادہ سیریز نہیں ہوں گی۔ ورلڈ کپ جیتنے والی ٹیم کے کئی اراکین بھارت میں سیریز کے باعث اسٹیو اسمتھ، ایڈم زمپا، گلین میکسویل، مارکس اسٹوئنس، جوس انگلیس اور شان ایبٹ کو بھارت میں ہی رکنا پڑا تھا جسکی وجہ سے ٹیم ورلڈ کپ کی خوشیاں منانے سے قاصر رہی تھی۔

لاہور: لاہور ریسلنگ ایسوسی ایشن کے صدر مہر اکرم عرف کالا پہلوان اپنے اکھاڑے باغبانپورہ میں دیسی کشتی کے مقابلے میں فاتح پہلوان کو انعام دے رہے ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

سلیکشن کمیٹی میں ''فکسرز'' کو شامل کرنے پر مداح بورڈ پر برس پڑے

سزا یافتہ پلیئر کو سلیکشن کمیٹی میں بطور معاون شامل کرنا شرم کی بات ہے، صارفین

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سلمان بٹ کو سلیکشن کمیٹی میں شامل کرنے پر مداحوں نے بورڈ کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر (ایکس) پر ٹوئٹ کرتے ہوئے صارفین نے لکھا کہ تاریخی اسپاٹ فکسنگ میں مجرم قرار پانے والے پلیئر کو سلیکشن کمیٹی میں بطور معاون شامل کرنا شرم کی بات ہے۔ سعد نامی صارف نے سوال اٹھایا کہ سلیکشن کمیٹی کے سربراہ وہاب ریاض کے ہمراہ سلمان بٹ کو بطور انکے معاون شامل کرنے پر کیا حفیظ نے اپنی سوچ تبدیل کرلی ہے، سابق کرکٹر نے ہمیشہ سے موقف اپنایا کہ وہ فکسرز کے ساتھ ٹیم میں نہیں کھیلیں گے تاہم اب کیا وہ یہ کرنے کو تیار ہیں! منافقت، اقتدار / پیسے کا لالچ؟۔ ایک صارف نے لکھا کہ بورڈ فکسرز کو کیا دوبارہ سرگرم کرنے کی کوشش کر رہا ہے، جس نے باقاعدہ سزا بھگتی۔ حسن نامی صارف نے لکھا کہ کرکٹ کی تاریخ کا سب سے بڑا فکسنگ اسکینڈل سلمان بٹ نے ترتیب دیا، وہاب ریاض بکی سے کیش سے بھرا بیگ لیتے ہوئے نظر آئے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
02 اور 03 دسمبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 02 دسمبر 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، آزاد شہید، لہتراڑ روڈ، چھٹہ بختاور، ترامڑی، نیو وحید آباد، آئی ایس آئی فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ٹینچ بھاٹہ، کمرشل سینٹر، فورتھ روڈ، عبدالرحمن، مزمل ٹاؤن، کھنہ روڈ، سروس روڈ، اے پی ایچ ایس، ظفرالحق، سٹی، گلشن آباد، صرافہ بازار، جناح روڈ، سبحان الدین، اصغر مال، امین ٹاؤن، کیانی روڈ، مدینہ کالونی، آفیسر کالونی، نوگزی، F-17/1، F-17/2، نون، موہن پورہ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، پارک ویو، پنڈی بورڈ، جیل پارک۔I، کار چوک، محبوب شہید، کشمیر روڈ، آدم جی روڈ، بوستان خان روڈ، جیل پارک۔I، آر سی آئی ایکسپریس، ایف ایف ہسپتال، پیپسی کولا، سکیم۔III، پنڈی بورڈ، لالا زار، اڈیالہ، مورت، قائد اعظم کالونی، کینٹ، چکری، RCCI-I,II,III,IV&V، ساگری، حنیف شہید، سیپ ابرار، نیو چواہ، فضل احمد، غزن خان، نیو مندرہ، کلیام، سکھو، نشان حیدر، محوطہ فیڈرز، اٹک سرکل، غازی کوہلی، ایم ایم سی روڈ، ٹیکسلا، وحدت کالونی، پنڈ پران، سنگجانی، شاہیہ، منیر آباد، اے ڈبلیو سی ہاؤسنگ، راشد منہاس، حسن ابدال، بر اہما، دھیرک، شاہ دیر، گوندل، سرکہ، شادی خان، امین آباد، کیپٹن اشتیاق، بارہ زی، غریب وال، حافظ آباد، مورت، قطبال، جھنگ، جنڈ سٹی، جنڈ سٹی۔ 2، کھنڈا، گل محمد، کھوڑ، دھیرک فیڈرز، چکوال سرکل، بحرپور، لائن پارک، میگن، خیرپور، سرپاک، جنڈ اعوان، ڈھڈیال ایکسپریس، دورگی راجگان، پچوال، سی ایس شاہ، راول، کٹاس، للہ ٹاؤن، کے ایس مائنز، جلال پور، حسال، ڈی ایس بلاول، ڈھوک غزن، مورت، اکوال، بلال آباد، دروت، میل، ونہار، ملکوال فیڈرز، جہلم سرکل، عباس پورہ، اجمل شہید، F-7 کچہری، ثناء اللہ شہید، سی ایم ایچ جہلم، کریالہ، میٹرو سٹی، بولانی، فتح پور، F-6 مشین محلہ، اکرم شہید، بورین، F-2 چپ بورڈ، انڈسٹریل، F-10 کالا بیس، دینہ۔III روہتاس، چمالہ، مدو کالس، پیڈیال، صفدر شہید، سنگھوئی، نتھوالہ، کھوکھران، مٹوا، جرموٹ، بل اعوان، ٹھاکرہ، سموٹ فیڈرز، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، چکوال سرکل، مدینہ ٹاؤن فیڈر، صبح 08:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک، چکوال سرکل، سہیگلہ آباد فیڈر، مورخہ 03 دسمبر 2023، صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل، راولپنڈی۔III، جیل پارک۔I، سواں، ایف ایف ہسپتال، پیپسی کولا، ولایت کمپلکس، سرور شہید، آر سی سی آئی ایکسپریس، ماڈل ٹاؤن، ہمک، پنڈی بورڈ، پارک ویو، اے او ڈبلیو ایچ ایس، وی آئی پی، سی این سی فیڈرز، 08:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک، چکوال سرکل، سہیگلہ آباد فیڈر اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

اقبال نے رائفل 12 بور کا بٹ PO سلطان عثمان کی کی کمر میں مارے ملزم محمد جمیل نے JPO عبد الرحمٰن کو زمین پر گرا کر گھونسوں، ٹھڈوں ومکوں اور پسٹل کے بٹ مارے ملزمان کے تشدد سے نیشنل ہائی وے افسران وملازمین شدید زخمی ہوئے اور اندرونی چوٹیں آئیں ملزمان نے افسران کے موبائل فون اور ہزاروں روپے کی نقدی رقم اور دیگر کاغذات بھی چھین لیے

معالجے کی سکت نہیں رکھتے، اس لئے صفائی کی ابتر صورتحال کو بہتر بنایا جائے غفلت کا مظاہرہ کرنیوالے ملازمین کو ملازمتوں سے فارغ کیا جائے۔

بقیہ 47

کیا گیا، گزشتہ سماعت پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے سیکیورٹی رپورٹ جمع کروائی۔ عدالت نے کہا کہ عدالت نے چیف کمشنر آفس اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ کو

بقیہ 57

پی ٹی آئی کے لیے ہے؟ پشاور ہائی کورٹ نے تحریری حکم نامے کی ہدایت کی ہے کہ تمام فریقین 7 دسمبر کی سماعت کے لیے پیش ہوں۔

امریکہ کے بھارت کے خلاف پیش کردہ حقائق نے کینیڈین الزامات کو سچ ثابت کردیا

اسلام آباد (این این آئی) امریکہ کے بھارت کے خلاف پیش کردہ حقائق نے کینیڈین الزامات کو سچ ثابت کر دیا، ستمبر 2023 میں کینیڈین وزیراعظم نے اپنی کابینہ میں بھارت پر کینیڈین سرزمین میں دہشتگردی کا الزام لگایا تھا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی انٹیلی جنس ایجنسی نے سکھ رہنماؤں کے قتل میں بھارتی حکومتی ایجنٹس کے ملوث ہونے کا بڑا انکشاف کیا، امریکی انٹیلی جنس ایجنسی تمام شواہد سمیت سکھ رہنماؤں کے قتل کے پس پردہ حقائق منظر عام پر لائی، امریکی انٹیلی جنس ایجنسی کے انکشاف نے کینیڈین وزیراعظم کے الزام کی تصدیق کر دی، اس اہم خبر کے بعد کینیڈین وزیراعظم نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ اگست کے مہینے سے ہم دنیا بھر میں اپنے امریکی ہم منصبوں کے ساتھ مل کر بھارت پر لگے سنگین الزامات کی تحقیقات کر رہے ہیں۔ جسٹن ٹروڈو نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ ہندوستانی حکومت کے ایجنٹس کینیڈا کی سرزمین پر کینیڈین شہری کے قتل میں ملوث ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم شروع سے کہہ رہے ہیں کہ بھارت کو اس معاملے کو سنجیدگی سے لینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت کو اس معاملے میں تعاون کرنے کی ضرورت ہے۔ جسٹن ٹروڈو نے کہا کہ ہماری ذمہ داری کینیڈین شہریوں کو محفوظ رکھنا ہے۔ امریکی انٹیلی جنس ایجنسی نے گروپتونت سنگھ کے قتل کی سازش میں انڈین سینٹرل ریزرو پولیس فورس کے اہلکار کے ملوث ہونے کا شواہد کے ساتھ انکشاف کیا، مئی 2023 میں مودی سرکار نے اپنے ایجنٹس کو تحریک خالصتان کے سرگرم رہنماؤں کے قتل کیلئے تعینات کروایا تھا۔ امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن نے خالصتانی رہنماپنوں کے قتل کی سازش پر بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ معاملے کو سنجیدگی سے لے رہے ہیں، ہم میں سے بہت سے لوگوں نے گزشتہ ہفتے براہ راست ہندوستانی حکومت کی اس معاملے پر توجہ مبذول کرائی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستانی حکومت نے اعلان کیا ہے کہ وہ تحقیقات کر رہی ہے اور ہم انکے نتائج کے منتظر ہیں۔ جان کربی نے کہا کہ امریکہ ہندوستان کے خلاف الزامات اور تحقیقات کے بارے میں بہت سنجیدہ ہے اور ہم واضح کر چکے ہیں کہ ہم ان مبینہ جرائم کے ذمہ داران کو کٹہرے میں کھڑا کریں گے۔

عام انتخابات کی تیاریاں، نئی حلقہ بندیوں کی تفصیل جاری

ساتویں مردم شماری کے نتائج کی بنیاد پر کی گئی نئی حلقہ بندیوں میں سابقہ فاٹا کی 12 نشستیں کم ہو کر 6 رہ گئی ہیں

سانگھڑ میں قومی اسمبلی کی 3 نشستوں میں سے ایک کم ہو کر 2 رہ گئیں، کراچی میں قومی اسمبلی کی ایک نشست بڑھ گئی

اسلام آباد (آئی آئی پی) الیکشن کمیشن کی جانب سے ڈیجیٹل مردم شماری کے تحت ملک بھر میں حلقہ بندیاں مکمل کر لی گئیں جس کا باقاعدہ طور پر نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری ہونے والے نوٹیفکیشن کے مطابق ساتویں مردم شماری کے نتائج کی بنیاد پر کی گئی نئی حلقہ بندیوں میں سابقہ فاٹا کی 12 نشستیں کم ہو کر 6 رہ گئی ہیں، اسی طرح سانگھڑ میں قومی اسمبلی کی 3 نشستوں میں سے ایک کم ہو کر 2 رہ گئیں جبکہ کراچی ساتھ کی قومی اسمبلی کی ایک نشست بڑھ کر 3 ہو گئی ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق خیرپور کی صوبائی اسمبلی کی نشستیں 7 سے کم ہو کر 6، سانگھڑ کی صوبائی اسمبلی کی نشستیں 6 سے کم ہو کر 5، ٹھٹھہ کی صوبائی اسمبلی (بقیہ نمبر 30)

کے پی میں پولیو ٹیم پر دہشت گردوں کی فائرنگ، پولیس اہلکار شہید

پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات شروع کر دی ہیں

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں پولیو ٹیم پر دہشتگردوں کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ پولیس حکام کے مطابق تھانہ باڑہ کے علاقے نالہ میں دہشتگردوں نے پولیو ٹیم پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں پولیو ٹیم کے ساتھ ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکار شہید ہو گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔ حکام نے (بقیہ نمبر 31)

گورنر پنجاب بلیغ الرحمٰن، نیدرلینڈ کی سفیر ہنی ڈی وِرائز، اعزازی قونصل جنرل عاصمہ حامد کا پاکستان اور نیدرلینڈ کے سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے پر منعقدہ تقریب میں گروپ فوٹو

ٹھیکری والا کے علاقہ ملاں پور چوک میں مبینہ پولیس مقابلہ میں دو ڈاکو ہلاک

سرگودھا (این این آئی) ٹھیکری والا کے علاقہ ملاں پور چوک میں مبینہ پولیس مقابلہ میں دو ڈاکو ہلاک اور ان کے دو ساتھی فرار ہو گے۔ جن کی تلاش میں سرچ آپریشن جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق ٹھیکری والا کے علاقہ میں ڈاکو واردات کر کے فرار ہو رہے تھے کہ پولیس پارٹی کے تعاقب پر مبینہ پولیس مقابلہ بن گیا جس میں فائرنگ سے دو ڈاکو ہلاک ہو گے جن کے دو ساتھی فرار ہو گے پولیس نے ہلاک ہونے والے ڈاکوؤں کی نعشوں کو اپنی تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کر دیا اور فرار ہونے والے ڈاکوؤں کی تلاش میں سرچ آپریشن جاری ہے۔

فیض آباد دھرنا کمیشن نے فواد حسن فواد کو طلب کر لیا

اسلام آباد (این این آئی) فیض آباد دھرنا کمیشن نے تحقیقات کے معاملے میں نگران وزیر اور سابق سیکریٹری ٹو پی ایم فواد حسن فواد کو طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق دھرنا کمیشن 5 دسمبر کو فواد حسن فواد کا بیان ریکارڈ کرے گا، انہوں نے 22 نومبر 2017 کے اجلاس کے منٹس درج کیے تھے اس معاملے سے متعلق ذرائع نے بتایا کہ سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی اور سابق وزیر داخلہ احسن اقبال کمیشن کے سامنے پیش ہو چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق شاہد خاقان عباسی کا ابتدائی بیان ریکارڈ کر لیا گیا ہے۔ کمیشن نے تحقیقات کے لیے شاہد خاقان عباسی کو 4 صفحات پر مشتمل سوالنامہ دیا تھا جس میں 32 کے قریب سوالات تھے۔ واضح رہے کہ فیض آباد دھرنے کے وقت شاہد (بقیہ نمبر 34)

تیل و گیس کی تلاش کیلئے کمپنیوں سے بولیاں طلب

کمپنیاں ابتدائی طور پر تین سال میں 2 کروڑ 32 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کریں گی

لاہور (این این آئی) ملک میں تیل و گیس کی تلاش کیلئے کمپنیوں سے بولیاں طلب کر لی گئیں، کمپنیاں ابتدائی طور پر تین سال میں 2 کروڑ 32 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کریں گی۔ تفصیلات کے مطابق پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے بیان میں کہا (بقیہ 32)

بشریٰ بی بی کی طلاق کا ریکارڈ طلب کرنے کی درخواست مسترد

طلاق نامہ عدت پر اعتراض صرف فیملی ممبران کر سکتے ہیں، جسٹس علی باقر

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بشریٰ بی بی اور خاور مانیکا کی طلاق کا ریکارڈ طلب کرنے کے لیے دائر درخواست ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے مسترد کر دی۔ ہائیکورٹ کے جسٹس علی باقر نجفی نے افاق ایڈووکیٹ کی اعتراضی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں چیئرمین پی ٹی آئی، بشریٰ بی بی، خاور مانیکا، حکومت پنجاب، الیکشن (بقیہ نمبر 33)

سابق ارکان پنجاب اسمبلی سردار عون ڈوگر اور جاوید اختر انصاری مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کے حوالے سے پارٹی صدر میاں محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

طالبات کی بس پر فائرنگ کرنے والے 6 ملزمان گرفتار

ملزمان فائرنگ کا الزام ایک دوسرے پر لگا رہے ہیں، طالبات اور بس ڈرائیور کے ذریعے ملزمان کی شناخت پریڈ کرائیں گے

قانون ہاتھ میں لینے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، مضبوط چالان مرتب کر کے ملزمان کو سخت سزا دلوائی جائیگی، ڈی آئی جی انویسٹی گیشن

لاہور (این این آئی) لاہور میں چند روز قبل ملتان روڈ پر نجی کالج کی بس پر فائرنگ کرنے والے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا جبکہ ایک ملزم تاحال مفرور ہے۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن عمران کشور نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ 28 نومبر کو طالبات کی بس پر فائرنگ کی گئی، فائرنگ رات ڈیڑھ بجے کی گئی جس میں 2 طالبات زخمی ہوئی تھیں، ان میں عائشہ نامی طالبہ ابھی بھی وینٹی لیٹر (بقیہ نمبر 35)

بیوہ خاتون کے گھر پر حملہ اور تشدد کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) بنی پولیس کی فوری کارروائی، بیوہ خاتون کے گھر پر حملہ اور تشدد کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے بیوہ خاتون کے گھر پر حملہ اور تشدد کرنے والے ملزم بلال سلیم کو گرفتار کر لیا، ملزم نے ساتھیوں کے ہمراہ بیوہ خاتون کے گھر پر حملہ کیا اور تشدد کیا، ملزم کے ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے جا رہے ہیں، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، خواتین اور بچوں پر تشدد ناقابل برداشت ہے۔

فواد چوہدری سے فیملی اور وکلاء کی ملاقات، مقدمات کے حوالے سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری سے فیملی اور وکلاء نے ملاقات کی جس میں مقدمات کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ جیل انتظامیہ کے مطابق ملاقات اڈیالہ جیل کے کانفرنس روم میں ہوئی، وکلاء نے فواد چوہدری سے مقدمات کے حوالے (بقیہ نمبر 36)

راولپنڈی پولیس کی قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی

03 ملزمان گرفتار، سامان آتش بازی، گیس سلنڈر اور دیگر آلات ری فلنگ برآمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کی قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی، 03 ملزمان گرفتار، سامان آتش بازی، گیس سلنڈر اور دیگر آلات ریفلنگ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان عبدالطیف اور سکندر کو گرفتار کر کے ملزمان سے سامان آتش بازی برآمد کر لیا، سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر گیس سلنڈرز ریفلنگ کرنے والے ملزم ربنواز کو گرفتار کر لیا، ملزم سے گیس سلنڈرز اور دیگر آلات ریفلنگ برآمد کر کے مقدمات درج (بقیہ نمبر 38)

پٹرول کی قیمت برقرار جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 7 روپے کمی

اسلام آباد (آئی آئی پی) حکومت نے پٹرول کی قیمت برقرار جبکہ ڈیزل کی قیمت میں 7 روپے کمی کا اعلان کر دیا ہے، پٹرول کی قیمت برقرار جبکہ ڈیزل کی قیمت میں فی لیٹر قیمت میں 7 روپے تک کی کمی کر دی گئی۔ وزارت خزانہ کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمت (بقیہ نمبر 37)

پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن میں ہونے والی تقریب میں شریک ہیں

راجہ عبدالغفور کیانی اور سماجی شخصیت صبور کیانی کی والدہ کا چہلم

سیاسی سماجی کاروباری، صحافی وکلاء برادری سمیت دیگر مکاتب فکر کے افراد کی شرکت

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان کی معروف سیاسی سماجی و مذہبی شخصیات راجہ عبدالشکور کیانی ایڈووکیٹ، سابق سٹی ناظم راجہ عبدالغفور کیانی، جنرل سیکرٹری مرکزی میلاد کمیٹی راجہ عبدالصبور کیانی، صدر مصطفوی ویلفیئر سوسائٹی راجہ عبدالجلیل کیانی اور راجہ عبدالسبطین کیانی کی والدہ مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے دعائیہ تقریب گوجر (بقیہ نمبر 39)

تحفظ مرکز چکوال کا بچھڑوں کو اپنوں سے ملانے کی روایت برقرار

تحفظ مرکز چکوال نے غلام حسین اور مہر بانو کو انکے لواحقین سے ملا دیا

چکوال (خاور شہزاد سے) ڈی پی او چکوال کی زیر نگرانی تحفظ مرکز چکوال عوام الناس کی خدمت کرنے اور انکو سہولیات کی فراہمی میں پیش پیش ہے۔ تحفظ مرکز چکوال/ تلہ گنگ کو معلوم ہوا کہ ایک ضعیف العمر شخص جو کہ نابینا ہے وہ اپنی بہن کے ہمراہ ڈیڑھ سال سے لواحقین کی تلاش میں ہے۔ ڈی پی او چکوال نے تحفظ مرکز پر تعینات عملہ کو ہدایات (بقیہ نمبر 40)

لاہور: خانہ بدوش بچی بادامی باغ منڈی میں گلی سڑی سبزیاں اکٹھی کر رہی ہے

ہمیں غیروں کی بجائے اپنا کا ساتھ دینا چاہیے

راجہ افتخار احمد شہزاد کے ڈیرے پر مسلم لیگ ن 5 کینڈیڈیٹ گروپ کے اعزاز میں ظہرانہ

چوہدری عابد اشرف جوتانہ گروپ کی مکمل حمایت کا اعلان، سیاسی و سماجی شخصیات کی شرکت

پنڈ دادن خان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کے مطابق سابق تحصیل ناظم امیدوار برائے صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 26 راجہ افتخار احمد شہزاد کے ڈیرے پر بہت بڑا سیاسی اجتماع ہوا جس میں مسلم لیگ ن کے ٹکٹ کے خواہش مند امیدوار برائے قومی اسمبلی حلقہ این اے 61 چوہدری عابد اشرف جوتانہ، راجہ قاسم علی خان، امیدوار برائے صوبائی اسمبلی چوہدری ناصر جاوید وڑائچ، امیدوار برائے صوبائی اسمبلی کرنل زاہد شیرازی، کے علاوہ تحصیل بھر سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ اور چوہدری عابد اشرف جوتانہ گروپ کی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ اور دھواں دھار تقریریں کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں غیروں کا ساتھ دینے (بقیہ نمبر 41)

چوآ سیدن شاہ شہر کو صاف ستھرا بنانا اولین ترجیح، چیف آفیسر ناصر حسین کنول

آوارہ جانوروں سے پاک کرنے کے اقدامات مستقل بنیادوں پر ہونے چاہئیں، عوامی حلقے

چکوال (خاور شہزاد سے) شہر کو صاف ستھرا اور آلودگی سے پاک کرنے کا عزم لیے میونسپل دن رات کوشاں ہیں۔ اس موقع پر شہریوں کا کہنا تھا کہ میونسپل کمیٹی کیطرف سے شہر میں صفاء ستھرائی کے نظام بہتر بنانا اور آوارہ جانوروں کو پھاٹک میں بند کر کے مالکان پر جرمانے کرنا اچھا اقدام ہے لیکن یہ روزانہ کی بنیاد پر ٹھوس اقدامات ہونے چاہیے نا کہ صرف ایک ۔۔اسسٹنٹ کمیشنر نادیہ پروین کی خصوصی ہدایت پر سینٹری ورکرز شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں متحرک اور فیلڈ میں دل وجان سے مصروف ہیں تا کہ کسی قسم کی (بقیہ نمبر 42)

نیلم، چیف آفیسر بلدیہ آٹھ مقام کی نگرانی میں ''ہفتہ صفائی مہم'' جاری ہے

دہشت کی علامت حق نواز گینگ کا سرغنہ پولیس تھانہ مندرہ کی گرفت میں

ملزمان کا گوجرخان مندرہ، جاتلی کلر سیداں میں چوری ڈکیتی کی متعدد وارداتوں کے انکشافات

سرغنہ پولیس پارٹی پر فائرنگ کرنے، رابری، ناجائز اسلحہ سمیت منشیات کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ

گوجرخان (قمر شہزاد) ایس ایچ او تھانہ مندرہ کی سربراہی میں انچارج چوکی سکھو سعید اکبر کیانی اور انکی ٹیم نے جدید سائنٹفک ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے سرکل میں دہشت کی علامت بنے حق نواز ڈکیت گینگ کے سرغنہ اور ساتھی کو اسلحہ سمیت گرفتار کر لیا مذکورہ نے قبل ازیں اپنے ساتھی کو پولیس تھانہ مندرہ سکھو چوکی کی حراست سے چھڑوانے کے لیے پولیس پارٹی پر فائرنگ کی تھی جس میں ملزمان کی فائرنگ کی زد میں آ کر انکا ساتھی مزمل شاہ جانبحق ہو گیا تھا اور ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے تھے گرفتار ہونے والے ملزمان کی (بقیہ نمبر 43)

راولپنڈی، ڈکیت گینگ کے ملزمان مندرہ پولیس کی حراست میں

انتہائی مطلوب ڈکیت گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت پکڑا گیا

اسلحہ برآمد، ملزمان چوری، ناجائز اسلحہ اور شراب کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) مندرہ پولیس کی اہم کارروائی، انتہائی مطلوب ڈکیت گینگ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار، اسلحہ برآمد، ملزمان چوری، ناجائز اسلحہ اور شراب کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں، ملزمان نے دوران تفتیش پولیس پارٹی پر فائرنگ کے علاوہ روات، کلر سیداں، مندرہ، گوجرخان اور جاتلی کے علاقوں میں رابری کی متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس نے کارروائی (بقیہ نمبر 44)

بابر اعوان کا بیان حقائق کے منافی ہے، الیکشن کمیشن

بیان مضحکہ خیز اور عوام کے ذہنوں میں ابہام پیدا کرنے کی ناکام کوشش ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن کے ترجمان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی رہنما بابر اعوان کا خیبر پختونخوا کی قومی اسمبلی میں نشستیں کم کرنے پر بیان حقائق کے منافی ہے۔ ترجمان الیکشن کمیشن نے بابر اعوان کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ بیان مضحکہ خیز اور عوام کے ذہنوں میں ابہام پیدا کرنے کی ناکام کوشش ہے۔ الیکشن (بقیہ نمبر 45)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

عملہ صفائی کی نااہلی، راولپنڈی کینٹ بورڈ کچرا کنڈی بن گیا

جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگ گئے، جا بجا گندگی کے ڈھیروں سے وبائی امراض پھیل رہے ہیں

غفلت کا مظاہرہ کرنیوالے ملازمین کو ملازمتوں سے فارغ کیا جائے، اسٹیشن کمانڈر اور کینٹ بورڈ انتظامیہ معاملہ کا نوٹس لے، شہری

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹ بورڈ میں صفائی عملہ کی ڈیوٹی سے غفلت کی وجہ سے جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگ گئے ہیں، جا بجا گندگی کے ڈھیروں سے وبائی امراض پھیل رہے ہیں، شہریوں نے اسٹیشن کمانڈر اور کینٹ بورڈ کی انتظامیہ سے معاملہ کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ کینٹ کے خاکروب سینیٹری ورکرز اور دیگر شعبوں کے ملازمین اکثر ڈیوٹی سے غیر حاضر رہتے (بقیہ نمبر 46)

راولپنڈی کینٹ بورڈ میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر انتظامیہ کی توجہ کے منتظر

سائفر کیس کا ٹرائل 4 ہفتوں میں مکمل کرنا ہے، خصوصی عدالت

وزارت قانون اور سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے خط کا جواب عدالت میں جمع کروا دیا

اسلام آباد (این این آئی) آفیشل سیکرٹ ایکٹ خصوصی عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی پر سائفر کیس کی سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے ہدایت کی ہے کہ سائفر کیس کا ٹرائل 4 ہفتوں میں مکمل کرنا ہے۔ تحریری حکم نامے کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی اور شاہ محمود قریشی کو عدالت میں پیش نہیں (بقیہ نمبر 47)

سرگودھا، رنجش میں 2 بچوں کے باپ سالہ نے اپنے بہنوئی 5 بچوں کے باپ کو قتل کر کے خود کو فائر مار کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں گھریلو ناچاقی میں ناراض بیوی سے بچے واپس مانگنے کی رنجش میں 2 بچوں کے باپ سالہ نے اپنے بہنوئی 5 بچوں کے باپ کو قتل کر کے خود کو فائر مار کر اپنی زندگی کا خاتمہ کر لیا جن کی نعشیں پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے پولیس نے قتل و خودکشی کا مقدمہ درج کر لیا اور مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا کے قصبہ بھیرہ کے محلہ پراچگان کیا محمد الٰہی پراچہ کی ہمشیرہ (س) کی شادی بھلوال کے ملک عبداللہ سے ہوئی جس میں میاں بیوی پر جھگڑا (بقیہ نمبر 48)

نگراں وزیر اعلیٰ کے پی کی تعیناتی، فریقین کو نوٹس جاری

یہ طریقہ تب ہوتا ہے جب وزیر اعلیٰ اور اپوزیشن لیڈر موجود ہوتا ہے

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے نگراں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی تعیناتی کے معاملے پر صوبائی حکومت سمیت فریقین کو نوٹس جاری کر دیا۔ عدالت میں نگراں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی تعیناتی کے خلاف دائر درخواست کی سماعت ہوئی۔ وکیل شاہ فیصل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ نگراں وزیر اعلیٰ کی تعیناتی کے لیے غلط طریقہ کار اپنایا گیا جس طرح وزیر اعلیٰ کی تعیناتی ہوئی اس کی مثال نہیں ملتی۔ دلائل جاری رکھتے ہوئے وکیل نے (بقیہ نمبر 49)

پوٹھوہارینگ ویلفیئر سوسائٹی کے صدر جنرل سیکرٹری کا مرکز صحت قاضیاں کا دورہ

ادویات کی قلت کا بتایا اور فراہمی کی درخواست کی انچارج ڈاکٹر شاہد نے ادویات فراہم کیں

گوجرخان (قمر شہزاد) گزشتہ تین برس سے قاضیاں میں قائم پوٹھوارینگ ویلفیئر سوسائٹی کے صدر مرزا خاور نواز نائب صدر ڈاکٹر نعمان مرزا جنرل سیکرٹری راجہ عقیل حسن سینئر نائب صدر جاوید چشتی صاحب نے دیہی مرکز صحت قاضیاں کا دورہ کیا اور انچارج جناب ڈاکٹر شاہد محمود سے ملاقات کی اس ملاقات میں ادارے کے مختلف امور پر بات کرتے ہوئے ادویات کی قلت کا بتایا اور ادویات کی فراہمی کی درخواست کی جس پر سوسائٹی نے مثبت قدم اٹھاتے ہوئے سوسائٹی کے مخیر حضرات سے رابطہ کیا بیرون ممالک اور مقامی افراد کے تعاون سے دیہی مرکز صحت قاضیاں میں عہدیداران (بقیہ نمبر 50)

سی پی او سید خالد ہمدانی ٹریفک ہیڈ کوارٹر میں کام کا معائنہ کر رہے ہیں

سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت ٹریفک ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس

کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف موثر قانونی کارروائی کو یقینی بنائیں، سی پی او

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سی پی او سید خالد ہمدانی کی زیر صدارت ٹریفک ہیڈ کوارٹرز میں اجلاس، اجلاس میں ایس ایس پی آپریشنز، چیف ٹریفک آفیسر، سینئر ٹریفک آفیسر، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز سمیت دیگر افسران کی شرکت، کم عمر ڈرائیوروں (بقیہ نمبر 51)

پتوکی نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس پر 25 افراد کا حملہ

روڈ ٹریفک کیلئے بلاک کر دی، صدر پتوکی پولیس نے ملزمان کیخلاف کارروائی شروع کر دی

پتوکی (این این آئی) پتوکی نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس پر 25 کس افراد نے حملہ کر کے روڈ کو ٹریفک کیلئے بلاک کر دیا ملزمان کے تشدد سے نیشنل ہائی وے کے تین افسران و ملازم زخمی تھانہ صدر پتوکی پولیس نے ملزمان کیخلاف 11 مختلف دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی تاحال کوئی ملزم گرفتار نہ ہو سکا۔ گزشتہ (بقیہ نمبر 52)

راولپنڈی، تین ڈاکو ایک کروڑ اسی لاکھ روپے مالیت کی نقدی اور سونا لوٹ کر فرار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی تھانہ سول لائنز کے علاقے ڈھوک چراغ دین گھر میں ڈکیتی کی بڑی واردات کے دوران تین ڈاکو ایک کروڑ اسی لاکھ روپے مالیت کی نقدی اور سونا لوٹ کر فرار ہو گئے۔ ایف آئی آر کے مطابق راولپنڈی ملزمان نے شہری حسنات احمد کے گھر واردات کے دوران ملزمان نے اہل خانہ کو یرغمال بنایا اور ایک کروڑ 70 لاکھ روپے نقدی اور 13 لاکھ روپے کا سونا لوٹا کر با آسانی فرار ہو گئے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی کی وصولی کے عمل کا آغاز

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی کی وصولی کے عمل کا آغاز کر دیا گیا۔ بانی چیئرمین کے نامزد کردہ امیدوار برائے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے اپنے کاغذات نامزدگی جمع کروا دیئے، کاغذات نامزدگی ریٹرننگ افسر سردار معروف خان ایڈووکیٹ نے وصول کئے، سینئر مرکزی رہنما احمد اویس بیرسٹر گوہر علی خان کے تجویز کنندہ ہیں، مرکزی سیکرٹری اطلاعات رؤف حسن چیئرمین کے انتخاب (بقیہ نمبر 53)

راولپنڈی، سی پی او سید خالد ہمدانی ٹریفک ہیڈ کوارٹر میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صدر مملکت نے بینکنگ محتسب کے فیصلے کیخلاف اپیل مسترد کر دی

متاثرہ شخص کو 30 لاکھ روپے واپس اور ذمہ دار بینک اہلکاروں خلاف کارروائی کی جائے، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا حکم

شکایت کنندگان کے پاس بینک حکام کے دستخط شدہ اور مہر لگی ڈپازٹ سلپس موجود تھیں، بینک سے رابطہ کیا لیکن بینک نے دعویٰ مسترد کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے مسلم کمرشل بینک کی جانب سے بینکنگ محتسب کے فیصلے کے خلاف اپیل مسترد کرتے ہوئے متاثرہ شخص کو 30 لاکھ روپے واپس اور ذمہ دار بینک اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا حکم دیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق محمد منیر احمد وغیرہ (شکایت کنندگان) کا بینک کی گوجرہ روڈ برانچ میں مشترکہ اکاؤنٹ تھا، مارچ 2021 میں اکاؤنٹ بیلنس میں بہت بڑی کمی نظر آئی، 39 لاکھ سے زائد مالیت کی 292 ڈپازٹ سلپس اکاؤنٹ میں جمع ہی نہیں کی گئی، شکایت کنندگان کے پاس بینک حکام کے دستخط شدہ اور مہر لگی ڈپازٹ سلپس موجود تھیں، صارف نے شکایت کے ازالے کیلئے بینک سے (بقیہ نمبر 54)

فیصل آباد، میاں، بیوی اور 3 بیٹیوں کی لاشیں برآمد

شوہر نے بیوی اور بچوں کو نیند آور گولیاں کھلا کر بے ہوش کیا اور پھر وزنی چیز مار کر ہلاک کر دیا

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد کے علاقے ڈجکوٹ کے نواحی علاقے سے میاں، بیوی اور 3 بیٹیوں کی لاشیں ملی ہیں۔ پولیس کے مطابق شوہر طاہر نے بیوی اور بچوں کو نیند آور گولیاں کھلا کر بے ہوش کیا اور پھر وزنی چیز مار کر ہلاک کر دیا۔ پولیس کے مطابق ملزم طاہر نے بیوی بچوں کو مارنے کے بعد زہریلی گولی کھا کر خودکشی کر لی۔ پولیس نے (بقیہ نمبر 55)

مولوی اسد اللہ (بلال کریمی) چین میں امارت اسلامیہ کے سفیر تعینات چینی وزارت خارجہ نے ان کا تصدیقی خط وصول کیا۔ چین پہلا ملک ہے جہاں امارت اسلامیہ کا باقاعدہ سفیر تعینات کیا گیا ہے

فواد چوہدری کیخلاف بغاوت پر اکسانے کے کیس کی سماعت پندرہ دسمبر تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے فواد چوہدری کیخلاف بغاوت پر اکسانے کے کیس کی سماعت پندرہ دسمبر تک ملتوی کر دی گئی۔ کیس کی سماعت ایڈیشنل اینڈ سیشن جج طاہر عباس سپرا نے کی۔ فواد چوہدری کو عدالت پیش نہیں کیا جا سکا، عدالت نے ملزم کو آئندہ سماعت پر پیش کرنے کا حکم دیتے ہوئے کیس کی سماعت پندرہ دسمبر تک ملتوی کر دی۔ عدالت نے ملزم کو پیش نہ کرنے پر اڈیالہ جیل حکام کو نوٹس دیتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔

پی ٹی آئی کو جلسوں کی اجازت نہ دینے پر الیکشن کمشنر سے وضاحت طلب

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے پی ٹی آئی کو جلسوں کی اجازت نہ دینے پر الیکشن کمشنر سے وضاحت طلب کر لی۔ پشاور ہائی کورٹ میں پی ٹی آئی کو جلسوں کی اجازت نہ دینے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر 2 رکنی بینچ نے تحریری حکم جاری کر دیا۔ عدالت نے حکم دیا کہ چیف الیکشن کمشنر اور چیف سیکریٹری ذاتی حیثیت میں پیش ہوں، چیف الیکشن کمشنر وضاحت کریں کہ کیوں ایک پارٹی کو انتخابی مہم کی اجازت نہیں۔ عدالت نے استفسار کیا ہے کہ پی ٹی آئی کو اجازت نہ دینے پر نگراں سیٹ کے خلاف کوئی قدم اٹھایا گیا؟ اگر پی ٹی آئی انتخابی ضابطہ؟ اخلاق کو فالو کر رہی ہے تو انتخابی مہم سے روکا جا سکتا ہے؟ چیف سیکریٹری بتائیں ایس او پی بنائی گئی ہے تو کیا وہ (بقیہ نمبر 57)

راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

06 ملزمان گرفتار، 02 کلو سے زائد چرس اور 11 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، 06 ملزمان گرفتار، 02 کلو سے زائد چرس اور 11 لیٹر شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم فاروق سے 900 گرام چرس، ریس کورس پولیس نے ملزم مظفر سے 600 گرام چرس، روات پولیس نے ملزم قاسم سے 580 گرام چرس، سول لائنز پولیس نے ملزم بلال سے 60 گرام چرس، ملزم ہیری سن سے 10 لیٹر شراب، دھمیال پولیس نے ملزم تیمور سے 01 بوتل شراب برآمد (بقیہ نمبر 56)

MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY

mpchs

سرمایہ کاری کا سنہری موقع

ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے پراجیکٹ

ملٹی ریذیڈنشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم

میں 5 کنال فارم ہاؤس پلاٹس کی محدود بکنگ جاری ہے

Sr. No.	DESCRIPTION	AMOUNT
1	Cost of Plot	Rs. 19,500,000/-
2	Membership Fee/Share Money	Rs. 20,000/-
3	Total Cost of Plot	Rs. 19,520,000/-
4	Down Payment	Rs. 5,020,000/-
5	Quarterly Installment	Rs. 875,000/-

GET 20% DISCOUNT ON LUMPSUMP PAYMENT

Payment will be received in shape of Pay Order/Demand Draft in favour of
MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY - NTN # 2140070-9
Govt. Tax of 3% Filer & 10.5% for Non-Filer respectively would be applicable.

Deen associates
Real Estate | Developers | Marketing

DEEN ASSOCIATES
Authorized Sales Partner - MPCHS

Office # 17, First Floor, Allahdaad Plaza G-8 Markaz, Islamabad.
Ph: 051-2340061 | www.thedeenassociates.com
Mob: 0333-5758882 - Ali Raza